رکن سندھ اسمبلی خواجہ اظہار الحسن نے تاجل بیوس کی قبر پر حاضری دی

ملیر پریس کلب کا دورہ، عہدیداران سے ملاقات

کراچی۔۔۔۔17دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ووزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی خواجہ اظہار الحسن نے آج ملیر کے چوکھنڈی قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سندھ کے ممتاز بزرگ شاعر ودانشور تاجل بیوس مرحوم کی قبر پر حاضری دی، قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر سندھ انٹیلکچوئل فورم کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔بعدازاں خواجہ اظہار الحسن نے ملیر پریس کلب کا دورہ کر کے پریس کلب کے صدراور دیگر عہدیداران سے ملاقات کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تاجل بیوس کے انتقال سے سندھ دھرتی ایک بزرگ شاعر ودانشور سے محروم ہوگئی ہے اور تاجل بیوس کے انتقال سے پیدا ہونے والا خلا آسانی سے پر نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ دھرتی کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے سندھ کے عوام متحد ہوکر اپنے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کریں۔

محمد ایوب قریشی، وسیمہ خاتون اور محمد گلزار کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔۔17دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن آصف قریشی کے والد محمد ایوب قریشی، ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن سید تنویر عالم کی والدہ وسیمہ خاتون اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن عامر کے بہنوئی محمد گلزار کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

ایم کیوایم آسٹریلیا کے زیراہتمام یوم شہداء منایا گیا

آسٹریلیا۔۔۔17دسمبر2008ء۔۔۔ایم کیوایم آسٹریلیا یونٹ کے زیراہتمام یوم شہداء عقیدت واحترام سے منایا گیا۔اس سلسلے میں نیوساؤتھ ویلز میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا جس میں ایم کیوایم آسٹریلیا کے آرگنائزر افروز شاہین، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، مقامی ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد پاکستانیوں نے شرکت کی۔اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین، ایم کیوایم کے تمام شہداء، سانحہ قصبہ علیگڑھ کے شہداء اور شہدائے مشرقی پاکستان کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

☆☆☆☆☆